گندا پرندہ صاف ہوگیا

ایک صحابی رَضِیَ اللہُ عَنْہ فرماتے ہیں : میں نے ایک گاؤں والے کو مسجد کے دروازے پر آتا دیکھا، وہ اونٹنی سے اُترا اور اُونٹنی کو وہیں چھوڑ کر مسجد میں چلا گیا اورآرام سے نماز پڑھنے لگا ، پھر دُعا کرنے لگا ، جب وہ باہَر نکلا تو اونٹنی نہیں تھی تواُس نے اللہ پاک سےعرض کی : یااللہ ! میں نے تیری نماز پڑھ لی ! میری چیز(یعنی اُونٹنی)کہاں ہے ؟لوگ کہتے ہیں کہ : تھوڑی ہی دیر کے بعد ایک آدمی اونٹنی پر آیا اور اونٹنی اُس گاؤں والے کو دے کر چلا گیا۔ (تفسیر کبیر ج 1،ص 213)

پیارے بچّو اور اچھی بچّیو! اس سچّے واقعے سے ہمیں یہ سیکھنے کو ملا کہ نماز گناہوں سے بچاتی ہے۔